Total No. of Questions : 55 ]

Code No. **08**

[ Total No. of Printed Pages : 4

## June/July, 2010

# URDU

Time : 3 Hours 15 Minutes ]

[ Max. Marks : 100

ہدایات : i) تمام سوالات لازمی ہیں

ii) تمام سوالات کے نشانات اس کے مقابل درج ہیں ۔

iii) خوشخطی اور املا کا خاص خیال رکھئے ۔

I - درج ذیل سوالوں کے جواب ایک لفظ فقرہ یا جملے میں لکھئے : 10 x 1 = 10

1 - دبے ہوئے آدمی نے کس شعر کے ذریعہ اپنی حالت پر تبصرہ کیا ۔

2 - کھانے کے بعد مولانا حالی کیا کرتے تھے ؟

3 - عیاش نے کونسی گھٹری پھینکی ؟

4 - گھوڑ سوار پولیس مین نے کتے کے مالک سے کیا کہا ؟

5 - کتابوں کی دنیا کیسی دنیا ہے ؟

6 - سردی کا موسم آدمی کو کیا بنا دیتا ہے ؟

7 - کلام پاک میں کتنی باتوں پر زور دیا گیا ہے ؟

8 - "اردو" مضمون کے مصنف کون ہیں ؟

9 - عبارت کی خرابی میں کس کا حصہ ہوتا ہے ؟

10 - "الٹی ہوگئیں سب تدبیریں" ایک ............ ہے ؟

(i) افسانہ (ii) ریڈیو ڈراما (iii) انشائیہ

II - (الف) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے : 5 x 2 = 10

11 - تعلیم یافتہ نوجوانوں سے متعلق حالی کا نظریہ کیا تھا ؟

12 - سوکھے سہمے شخص کی پوشاک کیسی تھی ؟

13 - دوسروں کو اپنا ہم خیال بنانے کا اصول کیا ہے ؟

14 - علم اخلاق کے ماہرین نے کیا ہدایت کی ہے ؟

15 - ہمارے نبیؐ پاک نے کس معاملے میں مثال قائم کردی ہے ؟

[ Turn over

16. ادّو گھر واپس آیا تو اسکے خیالات کیا تھے؟
17. رحمٰن صاحب اور ان کا قافلہ دیر سے کیوں پہنچا؟

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے: 5x2=10

18. بے نظیر کی جدائی میں بدر منیر کی کیا حالت ہوئی؟
19. کیا ڈھور ڈھنگر اور گلہریوں کو دیکھنے کے لئے سچ مچ فرصت کی ضرورت ہے؟
20. دسترخوان پر بیٹھکر کن کن چیزوں کی فرمائش کی جارہی تھی؟
21. اگر کتّے سر اُٹھائیں تو کیا ہوگا؟
22. سورج کو کس بات پر ناز تھا اور کیوں؟
23. علی بن متقی نے منبر سے اتر کیا دیکھا؟
24. نظم "عجیب لوگ" کا مرکزی خیال کیا ہے؟

III- درجِ ذیل میں سے کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: 2x5=10

25. شام پانچ بجے سپرنٹنڈنٹ نے شاعر سے کیا کہا اور کیا نتیجہ نکلا؟
26. بتائیے کہ انور احمد حالیؔ کے حسن سلوک سے کیوں متاثر تھے؟
27. بحث جیتنے میں نقصان کیوں ہے؟
28. دنیا کے نامور انسانوں نے کیسے کامیابیاں حاصل کیں؟

IV- (الف) متن کے حوالے سے کسی تین جملوں کی وضاحت کیجئے: 3x2=6

29. "میں لاوارث ہوں"
30. "حضور دیکھئے تو سہی کتنی سردی پڑرہی ہے۔ آپ جسے لیموں سمجھ رہے ہیں وہ دراصل نارنگی ہے۔"
31. "بحیثیت مسلمان قرآن کریم کے ابدی پیام پر میرا کامل ایمان ہے۔"
32. "جھوٹے سچ سچ بتا...... تو نے آج اور کتنے روپے چرائے ہیں؟"
33. "اُفوہ! آپ تو اپنے خاندان کی تاریخ بیان کرنے لگے۔"

(ب) 34- ذیل کے صرف چار مرکبات و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے: 4x1=4

بال بال بچنا - ہاتھ پیلے کرنا - پھولے نہ سمانا - حاجت روا
دل فریب - خون سفید ہونا - دانت کھٹے کرنا۔

V- (الف) 35- ذیل کے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1x6=6

(i) سورہ رحمٰن (ii) نیا سورج (iii) ہاتھوں کا ترانہ

(ب) درج ذیل میں سے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجئے: 5x2=10

36- گئے دن کے تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں

37. لینے سے تخت و تاج ملتا ہے
مانگے سے بھیک بھی نہیں ملتی

38. ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

39. مرگِ جگر پہ کیوں تری آنکھیں ہیں اشک ریز
اک سانحہ سہی مگر اتنا اہم نہیں

40. بس اتنی بات تھی کہ عیادت کو آئے لوگ
دل کے ہر ایک زخم کا ٹانکا ادھڑ گیا

41. امید تو بندھ جاتی تسکین تو ہو جاتی
وعدہ نہ وفا کرتے وعدہ تو کیا ہوتا

42. کسی کے واسطے راہیں کہاں بدلتی ہیں
تم اپنے آپ کو خود ہی بدل سکو تو چلو

1×4=4 (ج) ذیل کے کسی ایک رباعی کا مفہوم لکھئے:

43. کردار سے اپنے اشکبار آیا ہوں
اعمال سے اپنے شرمسار آیا ہوں
اے بخشنے والے سب گنہگاروں کے
مایوس نہ کر امیدوار آیا ہوں

44. غنچے تری زندگی پہ دل ہلتا ہے
بس ایک تبسم کے لئے کھلتا ہے
غنچے نے کہا اس چمن میں بابا
یہ ایک تبسم بھی کسے ملتا ہے

$4\times\frac{1}{2}=2$ VI- 45. درج ذیل میں سے صرف چار کے مترادفات لکھئے:

قمر - حیات - خلد - شب - آنکھ - گل - فلک - قلب

$4\times\frac{1}{2}=2$ 46. ذیل میں سے کسی چار الفاظ کی اضداد لکھئے:

طلوع - آباد - تعبیر - حرام - قدیم - اعلیٰ - فتح - حق

1×2=2 47. ذیل کے کسی ایک کی تعریف لکھئے اور مثال دیجئے:

مبالغہ - تضاد

2×1=2 48. ذیل میں سے کسی دو کی تعریف لکھئے:

نعت - مرثیہ - قصیدہ

$4\times\frac{1}{2}=2$ 49. درج ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے دو دو مرکبات بنائیے:

[بے] [ہم] [من] [دان]

[ Turn over

VII- (الف) 50 - مندرجہ ذیل مضمون کو غور سے پڑھئے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 5×1=5

جابر بن حیان کو علم کیمیا کا باوا آدم سمجھا جاتا ہے۔ علم کیمیا مسلمانوں کا خاص موضوع تھا۔ عربوں نے کیمیا کو سب علوم پر مقدم سمجھا۔ عربوں کو خبط تھا کہ کیمیائی ترکیب سے ادنیٰ دھات جیسے لوہا، تانبا کو اعلیٰ دھات جیسے سونا، چاندی بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کیمیا پر کئی تجربے کئے جن سے تقریباً اسی عناصر و مرکبات کا پتہ چل گیا۔ ان میں جابر نے بائیس عناصر کا پتہ لگایا۔ جابر کا پورا نام جابر بن حیان عبداللہ کوفی المعروف صوفی ہے۔ وہ طوس اور بقول دیگر خراسان میں ۷۲۷ء میں پیدا ہوا۔ جابر کو امام جعفر صادق کی شاگردی کا شرف حاصل تھا۔

سوالات : i) جابر کا پورا نام کیا ہے ؟

ii) جابر کب اور کہاں پیدا ہوا ؟

iii) جابر کو کس کی شاگردگی کا شرف حاصل تھا ؟

iv) عربوں نے کس علم کو تمام علوم پر مقدم سمجھا ؟

v) جابر نے کتنے عناصر کا پتہ لگایا ؟

(ب) 51 - ویپرو کمپنی میں انجینئر کی اسامی کے لئے اپنی جانب سے مع کوائف شخصی ایک درخواست لکھئے۔ 5

VIII- 52- ذیل کے کسی دو ضرب الامثال کو مکمل کیجئے۔ 2×1=2

(i) خس کم ......... پاک

(ii) خدا ان کی مدد نہیں کرتا جو اپنی ............ آپ نہیں کرتے

(iii) بھینس کے آگے ........... بجانا۔

53- ذیل کے کسی ایک شعر میں تلمیح کی نشاندہی کیجئے : 1×2=2

(i) کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

(ii) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

54- ذیل میں سے کسی دو جملوں کو شائستہ زبان میں لکھئے : 2×1=2

(i) کھانا کھالے کو چ جانا نکو تو اچھا نئیں رہیں گا۔

(ii) اب کیسکو وہاں جاریں سو

(iii) تمارے اماں باوا کاں جاکو ہیں۔

55- درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے : 4×1=4

(i) The earth revolves round the sun.

(ii) Ali is going to Delhi on Friday.

(iii) Jeweller know the value of a diamond

(iv) The key to success is in your hand.